## پشاور میں امریکی قونصلیٹ کی گاڑیوں کو دھماکہ خیز مواد سے نشانہ بنانے پر الطاف حسین کا اظہار مذمت

لندن۔۔۔20، مئی 2011ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے پشاور میں امریکی قونصلیٹ کی گاڑیوں کو دھماکہ خیز مواد سے نشانہ بنانے کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اور دھماکے میں ہلاک وزخمی ہونے والے افراد پر گہرے دکھ اورافسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ پشاور میں امریکی قونصلیٹ کی گاڑیوں کو نشانہ بنانے والے دہشت گرد کسی سے مخلص نہیں ہیں اور ملک وقوم کے بھی کھلے دشمن ہیں۔انہوں نے بم دھماکے میں ہلاک ہونے والے شخص کے بلندر جات اور زخمیوں کی جلد و مکمل صحت یابی کیلئے دعا بھی کی ۔ جناب الطاف حسین نے صدر مملکت آصف علی زرداری، وزیر اعظم یوسف رضا گیلانی اور وفاقی وزیر داخلہ رحمان ملک سے مطالبہ کیا کہ پشاور میں امریکی قونصلیٹ کی گاڑیوں پر حملے کا سختی سے نوٹس لیا جائے، دہشت گردوں کو فی الفور گرفتار کیا جائے اورعوام کی جان و مال کے تحفظ کیلئے مزید سخت نوعیت کے عملی اقدامات بروئے کار لائے جائیں۔

## عوام کو بجلی کی لوڈ شیڈنگ سے فی الفورنجات دلائی جائے،لوڈ شیڈنگ کا سلسلہ فوری ختم کیا جائے،رابطہ کمیٹی

## کے ای ایس سی کی جانب سے غیر اعلانیہ طویل لوڈ شیڈنگ شہریوں پر ظلم ہےکراچی سمیت ملک بھر میں غیر اعلانیہ لوڈ شیڈنگ کا سنجیدگی سے نوٹس لیا جائے

## حکومت کی اولین ترجیح عوام کے بنیادی مسائل پر توجہ اورانہیں فوری حل کرنا ہوتا ہے

## لوڈ شیڈنگ سے اسپتالوں میں مریضوں کے علاج وآپریشن وقت پر نہ ہونے کی وجہ سے کئی قیمتی جانیں بھی ضائع ہوچکی ہیں

## افسوس صدافسوس کہ حکومت عوامی مسائل کی طرف توجہ نہیں دے رہی جس سے عوام زندگی اجیرن بن کررہے گئی ہے

کراچی۔۔۔20،مئی 2011ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے اپنے ایک بیان میں کراچی الیکٹرک سپلائی کمپنی کی جانب سے کی جانے والے غیر اعلانیہ لوڈ شیڈنگ اور ادارے کی ناقص کارکردگی کی سخت الفاظوں میں مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ عوام کو بجلی کی لوڈ شیڈنگ سے فی الفورنجات دلائی جائے اورلوڈ شیڈنگ کا سلسلہ فوری ختم کیا جائے۔اپنے ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ حکومت کی اولین ترجیح یہ ہونی چاہئے کہ عوام کے بنیادی مسائل پر توجہ دے اورانہیں فوری حل کرے افسوس صدافسوکہ کہ حکومت عوامی مسائل کی طرف توجہ نہیں دے رہی جس سے عوام کی زندگی اجیران بن کررہے گئی ہے جبکہ ملک بھر میں طویل دورانہ کی لوڈ شیڈنگ کا سلسلہ بدستور جاری ہے جس وجہ سے ملک کی معاشی ،اقتصادی ،تجارتی اور صنعتی پیداوار بری طرح متاثر ہورہی ہیں ۔ جبکہ طویل غیر اعلانیہ لوڈ شیڈنگ کی وجہ سے اسپتالوں میں مریضوں کے علاج وآپریشن وقت پر نہ ہونے کی وجہ سے کئی قیمتی جانیں بھی ضائع ہوگئی ہیں۔انہوں نے کہا کہ شہر کے مختلف علاقوں میں بجلی کی آنکھ مچولی کا عمل شہریوں وکاروباری افراد کوسزا دینے کے مترادف ہے اوربجلی کے تعطل کے باعث شہر کا کاروبار بھی بری طرح متاثر ہورہا ہے۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ کے ای ایس سی کی جانب سے شدید گرمی کے دنوں میں کی جانے والی بلا جواز لوڈ شیڈنگ نے عوام کیلئے پانی جیسی بنیادی ضرورت کا حصول بھی ایک ایسا خواب بنا دیا ہے جسکے لئے لوگ دن رات سرگرداں رہتے ہیں کیونکہ واٹر سپلائی کے اوقات کار میں عموماً بجلی چلی جاتی ہے جبکہ شدید گرمی کے اس موسم میں لوڈ شیڈنگ کی بنا پر لوگوں کے دن رات کا چین بھی ختم ہوکر رہ گیا ہے۔انہوں نے کہا کہ کے ای ایس سی کی اس ناقص کارکردگی نے عوام کے صبر کے پیمانے کولبریز کردیا ہے اور کسی بھی علاقے میں ہونے والی معمولی نوعیت کی تکنیکی خرابی کو بنیاد بنا کر 6 سے 8 گھنٹے کی غیر اعلانیہ لوڈ شیڈنگ نے حالات کو اس نہج پر پہنچا دیا ہے کہ عوام احتجاج کرنے پر مجبور ہیں۔رابطہ کمیٹی نے صدر مملکت آصف علی زرداری، وزیر اعظم یوسف رضا گیلانی، گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد اور وزیر اعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ سے مطالبہ کہ کراچی سمیت ملک بھر میں غیر اعلانیہ لوڈ شیڈنگ کا سنجیدگی سے نوٹس لیا جائے اورشہریوں کولوڈ شیڈنگ کے عذاب سے دوچار کرنے والے عناصر کے خلاف سخت کاروائی کی جائے۔

## اسلام آباد:ایم کیوایم آزاد کشمیر کا میڈیا سیل قائم،اراکین رابطہ کمیٹی نے افتتاح کیا

اسلام آباد۔۔۔۔20مئی 2010

آزاد کشمیر قانون ساز اسمبلی کے عام انتخابات کے سلسلے میں متحدہ قومی موومنٹ (پاکستان) آزاد جموں وکشمیر کا میڈیا سیل، الیکشن سیل قائم کردیا گیا ۔اسلام آباد کے علاقے چھٹہ بختاور میں قائم کیے گئے میڈیا سیل کا افتتاح اراکین رابطہ کمیٹی، کنور نوید جمیل، شاہد لطیف، سیف یار خان، حق پرست پارلیمانی لیڈر آزاد کشمیر اسمبلی، وزیر سیاحت طاہر کھوکھر نے مشترکہ طور پر کیا۔اس موقع پر ایم کیوایم اپر پنجاب زون کے انچارج زاہد ملک، ایم کیوایم مظفرآباد زون کے رکن ندیم کھوکھر کے علاوہ میڈیا سیل کے ارکان بھی موجود تھے۔

## میڈیا کی درست اور بروقت راہنمائی قومی قیادت کو مثبت فیصلے کرنے میں مدد دیتی ہے، کنور نوید جمیل

## قومی میڈیا نے ہر مشکل مرحلے میں ایم کیو ایم کا ساتھ دیا امید ہے ماضی کی روایات برقرار رہیں گی

## ایم کیو ایم آزاد کشمیر میں برادری ازم اور دھن دولت کی سیاست ختم کرنے نکلی ہے قومی میڈیا نے ساتھ دیا تو جلد انقلابی تبدیلیاں آئیں گی، طاہر کھوکھر

## آزاد کشمیر میں میڈیا سیل کی افتتاحی تقریب سے خطاب

اسلام آباد۔۔۔۔20 مئی 2010

متحدہ قومی موومنٹ رابطہ کمیٹی کے رکن کنور نوید جمیل نے کہا ہے کہ قومی پریس اور الیکٹرانک میڈیا نے ہر مشکل مرحلے پر ایم کیو ایم کا ساتھ دیا ہے۔میڈیا کا تعاون اور راہنمائی سیاسی جماعتوں اور قومی قیادت کو عوامی مفاد میں بروقت اور درست فیصلے کرنے میں مدد دیتی ہے۔ایم کیو ایم میڈیا اور اظہار رائے کی آزادی پر یقین رکھتی ہے۔ایم کیو ایم کے خلاف ہونے والے منفی پروپگنڈے کا اثر زائل کرنے میں قومی میڈیا کا اہم کردار ہے۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز وفاقی دارالحکومت اسلام آباد کے علاقے چھٹہ بختاور میں ایم کیو ایم آزاد کشمیر کے میڈیا سیل و الیکشن سیل کی افتتاحی تقریب سے خطاب کے دوران کیا۔اس موقع پر حق پرست پارلیمانی لیڈر آزاد کشمیر اسمبلی طاہر کھوکھر نے بھی خطاب کیا جبکہ تقریب میں اراکین رابطہ کمیٹی شاہد لطیف،سیف یار خان کے علاوہ ایم کیو ایم اپر پنجاب زون کے انچارج زاہد ملک ،رکن مظفر آباد زون ندیم کھوکھر کے علاوہ ایم کیو ایم میڈیا سیل کے اراکین ،قومی پریس و الیکٹران میڈیا کے نمائندگان اور ایم کیو ایم کے ہمدردوں کارکنان کی ایک بڑی تعداد نے شرکت کی۔تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کنور نوید جمیل نے کہا کہ ایم کیو ایم روایتی سیاسی جماعت نہیں بلکہ ملک کے 98 فیصد غریب اور متوسط طبقے کی نمائندہ انقلابی تحریک ہے۔ایم کیو ایم کے اس مقام تک پہنچنے میں بے شمار مشکل مراحل پیش آئے مگر قومی میڈیا اور صحافی برادری کے مثبت رویے اور تعاون کی وجہ سے ایم کیو ایم ہمیشہ سرخرو رہی۔ انہوں نے اس امید کا اظہار کیا میڈیا کی طرف سے تعاون و راہنمائی کا یہ سلسلہ آئندہ بھی جاری رہے گا۔حق پرست پارلیمانی لیڈر آزاد کشمیر اسمبلی طاہر کھوکھر نے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ایم کیو ایم آزاد کشمیر میں ساٹھ سالوں سے پروان چڑھنے والی غیر جمہوری روایات اور برادری ازم کے بتوں کو توڑنے کا عزم لیکر میدان میں آئی ہے۔ دولت اور برادری ازم کی سیاست کرنے والی جماعتوں کے مقابلے میں ایم کیو ایم کی حمائت اگرچہ میڈیا کے لیے بھی ایک مشکل مرحلہ ہوگا مگر امید ہے کہ ماضی کی طرح صحافی برادری آزاد کشمیر کے آمدہ انتخابات میں بھی حق اور سچ کا ساتھ دیکر قومی سطح پر انقلابی تبدیلی کے لیے اپنا کردار ادا کرے گی۔

## انتخابات کو کمائی کا ذریعہ بنانے والی سیاسی جماعتیں عوامی حقوق کی محافظ کیسے ہوسکتی ہیں، طاہر کھوکھر

## متحدہ آزاد کشمیر کے آئندہ انتخابات میں بھرپور قوت کے ساتھ حصہ لے گی

## قائد تحریک الطاف حسین کے غریب پرور فلسفے اور نظریات کی وجہ سے ملک بھر میں ایم کیو ایم کو پذیرائی مل رہی ہے

مظفر آباد۔۔۔20 مئی 2011 ء

متحدہ قومی موومنٹ آزاد کشمیر کے پارلیمانی لیڈر طاہر کھوکھر نے کہا ہے کہ ایم کیو ایم پوری قوت کے ساتھ آئندہ انتخابات میں حصہ لے گی مہاجرین کی سیٹوں سمیت کسی بھی جگہ انتظامی اختیارات کی آڑ میں دھاندلی کی کوشش کی گئی تو متحدہ قومی موومنٹ بھرپور مذمت کرے گی۔انہوں نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ اب پاکستان بھر میں ایک بڑی سیاسی قوت کے طور پر سامنے آرہی ہے،قائد تحریک الطاف حسین کے فلسفے اور غریب پرور پالیسیوں کی وجہ سے ایم کیو ایم کو ملک بھر میں پذیرائی مل رہی ہے آزاد کشمیر میں متحدہ قومی موومنٹ آئندہ انتخابات میں نمایاں کامیابی حاصل کرے گی۔انہوں نے کہا کہ ٹکٹ کی درخواست دینے والے سے 30 ہزار روپے فیس لینے والی سیاسی جماعتیں غریب اور متوسط طبقے کے امیدواران سے نمائندگی کا حق چھین کر جاگیرداروں کو ایوانوں میں مسلط کرنے کی کوشش کررہی ہیں۔انہوں نے کہا کہ آزاد کشمیر کی حالیہ انتخابات کے سلسلے میں ایم کیو ایم کے علاوہ تمام سیاسی جماعتوں نے ٹکٹ کیلئے درخواست جمع کروانے کی باقاعدہ فیس مقرر کر رکھی ہے جو غریب اور متوسط طبقے کو انتخابی عمل سے دور رکھنے کی کوشش ہے جو جماعتیں درخواست دینے کی فیس ہزاروں میں وصول کرتی ہوں وہ ٹکٹ کنفرم کرنے کی لاکھوں بلکہ کروڑوں وصول کرتی ہیں اس صورت حال میں غریب اور متوسط طبقے میں موجود قیادت کیسے سامنے آسکتی ہے۔طاہر کھوکھر نے کہا کہ آزاد کشمیر کی تمام سیاسی جماعتوں نے الیکشن کے لیے ٹکٹوں کی لوٹ سیل لگا رکھی ہے انتخابات کو کمائی کا ذریعہ بنانے والی سیاسی جماعتیں عوامی حقوق کی محافظ کیسے ہوسکتی ہیں۔انہوں نے کہا کہ آئندہ انتخابات میں آزاد کشمیر کے عوام پیسے،طاقت اور برادری ازم کی سیاست کرنے والی تمام سیاسی جماعتوں کو مسترد کرکے غریبوں کی ترجمان ایم کیو ایم کا ساتھ دیں گے۔

## قائدتحریک جناب الطاف حسین کے عوامی ریفرنڈم سے قومی سلامتی اور ملک میں استحکام پیدا ہوگا، جام ساقی
## ایم کیوایم سندھ سمیت ملک کے تمام مظلوم ومحکوم عوام کے حقوق کے لئے آخری دم تک جدوجہد کرتی رہے گی، رابطہ کمیٹی
## جام ساقی کی خورشید بیگم سیکریٹریٹ میں رابطہ کمیٹی کے ارکان سے ملاقات

کراچی۔۔۔20 مئی 2011 ء

سندھ کے نامور سیاسی رہنما جام ساقی نے گزشتہ روز ایم کیوایم مرکز نائن زیرو سے متصل خورشید بیگم سیکریٹریٹ میں متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ارکان سے اشفاق منگی اور سیدشاکرعلی سے ملاقات کی۔ملاقات میں سندھ کے موجودہ صورتحال پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔جام ساقی نے قائدتحریک جناب الطاف حسین کے عوامی ریفرنڈم کی بھرپور حمایت کرتے ہوئے کہا کہ ریفرنڈم سے 17 کروڑعوام کوقومی سلامتی میں رائے شماری کا اختیار ملا ہے جس سے قومی اتفاق رائے اورعوام میں اعتمادی پیدا ہوگی اور جوقومی سلامتی اور ملک کے استحکام میں کارآمد ثابت ہوگی۔انہوں نے کہا کہ سندھ کے عوام اس بات سے بخوبی آگاہ ہیں کون سندھ کا سچا سپوت ہے اور اگر کوئی یہ سمجھتا ہے کہ وہ سندھ کا ایک دورے میں سندھی قوم پرستوں سے ملاقات کرکے سندھی عوام کے دل جیت سکتا ہے تو وہ خوش فہمی کا شکار ہے۔رابطہ کمیٹی کے ارکان شفاق منگی اور سیدشاکرعلی نے جام ساقی کے نائن زیرو آمد پر ان کا خیرمقدم کیا اور قائدتحریک الطاف حسین کی جانب سے ویلکم کرتے ہوئے اس بات کا عزم کیا کہ متحدہ قومی موومنٹ سندھ سمیت ملک کے تمام مظلوم ومحکوم عوام کے حقوق کے لئے آخری دم تک جدوجہد کرتی رہے گی۔اس موقع پر متحدہ سوشل فورم کے انچارج لونگ خان چنہ، جوائنٹ انچارج غازی صلاح الدین اور احمد سلیم صدیقی بھی موجود تھے۔

## ایم کیوایم سرجانی ٹاؤن سیکٹر کے بزرگ کارکن محمد بشیر کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔20 مئی 2011 ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم سرجانی ٹاؤن سیکٹر کے بزرگ کارکن محمد بشیر کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحوم کے سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی اور کہا کہ مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ محمد بشیر مرحوم کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگوارلواحقین کو صبر جمیل عطا کرے۔(آمین)

## ایم کیوایم کے ڈپٹی کنونیر ووفاقی وزیر سمندر پار پاکستانیز ڈاکٹر فاروق ستار نے پاکستان میں متعین سعودی عرب کے قائم مقام سفیر سے ملاقات

اسلام آباد ۔۔۔۔20 مئی 2010

متحدہ قومی موومنٹ کے ڈپٹی کنونیر ووفاقی وزیر سمندر پار پاکستانیز نز ڈاکٹر فاروق ستار نے پاکستان میں متعین سعودی عرب کے قائم مقام سفیر سے اسلام آباد میں ملاقات کی اور ایم کیو ایم کے قائد جناب الطاف حسین کی جانب سے کراچی میں متعین سعودی عرب کے سفارتکار حسن ال قحطانی کے بہیمانہ قتل پر دلی تعزیت کا اظہار کیا۔ملاقات میں انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ سعودی سفارتکار کو جنت الفردوس میں اعلیٰ عطا مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے۔

## متحدہ قومی موومنٹ لیبر ڈویژن کے وفد کی وفاقی وزیر پورٹ اینڈ شپنگ بابر غوری خان سے ملاقات
## ملاقات میں کراچی پورٹ ٹرسٹ کے ملازمین کے مسائل کے حوالے سے گفتگو

کراچی ۔۔۔۔20 مئی 2010

متحدہ قومی موومنٹ کی لیبر ڈویژن کے انچارج واراکین نے گزشتہ روز وفاقی وزیر پورٹ اینڈ شپنگ بابرغوری خان سے ملاقات کی۔ملاقات میں لیبر ڈویژن انچارج واراکین نے بابرغوری کو کراچی میں پورٹ ٹرسٹ کے ملازمین کے مسائل سے آگاہ کیا۔وفاقی وزیر پورٹ اینڈ شپنگ بابرغوری خان نے مذکورہ مسائل کو توجہ سے سننے اوران مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر جلد از جلد حل کروانے کی یقین دہانی بھی کروائی ہے۔

## ایم کیوایم کے کارکنان اوران کے اہلخانہ سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔۔20 مئی 2011 ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم سرجانی ٹاؤن سیکٹر تیسر ٹاؤن یونٹ کے بزرگ کارکن محمد بشیر اورایم کیوایم لیاقت آباد سیکٹر یونٹ 157 کے کارکن نعمان بیگ کی والدہ شہبانہ بیگم کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطافرمائے اورسوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔(آمین)

## بونیر میں کھائی میں کارگرنے سے چارافراد کی ہلاکت پررابطہ کمیٹی کا اظہارافسوس

کراچی۔۔۔۔20 مئی 2011 ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے بونیر میں کھائی میں کارگرنے سے چارافراد کے جاں بحق ہونے پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے اورمطالبہ کیا ہے کہ حادثے کی روک تھام اورشہریوں کی جان مال کے تحفظ کیلئے ٹھوس بنیادوں پراقدامات بروئے کارلائیں جائیں۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے کارحادثے میں جاں بحق افراد کے تمام سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہارانہیں صبر کی تلقین کی اوردعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطافرمائے اورسوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔(آمین)رابطہ کمیٹی نے حکومت سے بھی مطالبہ کیا ہے کہ قومی شاہراہوں پرحادثے کی روک تھام اوردوران سفرشہریوں کی جان ومال کے تحفظ کیلئے مثبت اقدامات بروئے کارلائیں جائیں۔

## ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی نے نجی ٹی وی کے اینکر پرسن محترمہ روبینہ علوی سے اظہارتعزیت

کراچی:۔۔۔20 مئی،2011ء

متحدہ قومی مووومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے نجی ٹی وی کے اینکر پرسن محترمہ روبینہ علی کے والد احسان علوی کے انتقال پرافسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحوم کے تمام سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین۔رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطافرمائے اور سوگواران کوصبرجمیل عطا کرے۔(آمین)

☆☆☆☆☆